مہتمم صاحب مدظلہ کے ساتھ تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ جیفری گولڈ برگ دارالعلوم حقانیہ اور تحریک طالبان پر ۱۱ جون کو نیویارک ٹائمز میں دس صفحات پر مشتمل تفصیلی تعارفی خصوصی فیچر شائع کر رہا ہے۔ آپکے ہمراہ دنیا کے مشہور ترین فوٹو گرافر لارنٹ وان ڈر سٹاکٹ (Laurent Van Der Stockt) بھی ساتھ تھے۔ یہ فوٹو گرافر بوسنیا' کوسوو اور گروزنی کی جنگ میں کئی سال تک وہاں پر رہے ہیں اور گزشتہ دسمبر میں روس کی شدید یلغار میں انہوں نے روس کے تمام دعوؤں کو اپنی تصاویر کے ذریعے غلط ثابت کیا تھا اور روس کے مظالم دنیا کے سامنے پیش کیے تھے۔ آپ مسلمانوں کے لئے بڑے اچھے جذبات رکھتے ہیں۔ مسٹر جیفری یہودی ہیں لیکن اسلام کی حقیقت سمجھنے کے لئے انتہائی مخلص ہیں اور حضرت مولانا مدظلہ کے انٹرویو سے کافی حد تک اسلام کی جانب مائل ہو گئے ہیں۔ مولانا مدظلہ نے انکو انگلش ترجمہ کا قرآن بھی مطالعہ کے لئے دیا۔

<u>جاپانی نیوز ایجنسی کیوڈو کے نمائندوں کی دارالعلوم آمد</u> گزشتہ دنوں جاپان کی معروف نیوز ایجنسی کیوڈو کے سنئیر رائٹر یسوتاکا تاکیدا (Yasutaka Takeda) اور یوجی سوگایا (Yoji Sugaya) دارالعلوم تشریف لائے۔ اور آپ نے مولانا مدظلہ کا انٹرویو ریکاڈ کیا۔ ان صحافیوں نے چار دن مسلسل دارالعلوم میں رہ کر تفصیلی انٹرویوز ریکارڈ کئے۔

<u>لبنان کے عالم دین کی دارالعلوم آمد</u> :- گزشتہ ماہ دارالعلوم حقانیہ میں بیروت کے نامور عالم دین مسجد قفل کے خطیب الشیخ السمیر القاضی حضرت مہتمم صاحب سے ملنے کیلئے تشریف لائے۔ آپ ان دنوں پاکستان کے معروف مدارس اور علماء و مشائخ سے ملنے کیلئے پاکستان کے دورے پر ہیں۔ آپ نے جامعہ کے مختلف مشائخ اور علماء سے تفصیلی تبادلہ خیال کیا۔ اور خصوصاً یہاں کی سادگی' روحانیت' طلباء کی اساتذہ سے وابستگی اور دارالعلوم کے کتب خانے کی بہت زیادہ تعریف کی۔ آپ نے بیروت سے چھپی ہوئی کئی قدیم اور نادر کتابوں کو کتب خانے میں دیکھ کر فرمایا کہ میں انہیں پہلی دفعہ یہاں دیکھ رہا ہوں۔ اسطرح آپ نے کتب خانے میں موجود مخطوطات کے بڑے ذخیرے میں بھی گہری دلچسپی ظاہر کی۔ آپکی معاونت مولانا ابراہیم فانی' مدیر الحق اور مولانا مفتی مختار اللہ نے کی۔

............()()()()............